کتاب نما

قرآنیات پر نئی کتابیں

ادارہ

مشتملات قرآن عظیم : مرتبہ میجر جنرل نواز ملک

ادارہ فکر فروغ قرآن، راولپنڈی ۱۹۹۱ء

صفحات: ۹۵۲ / قیمت ۲۵۰ روپئے

یہ کتاب قرآن کریم کے مضامین کا اشاریہ ہے جو حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کیا گیا ہے۔ شروع میں موضوعات یا عنوانات کی فہرست کے علاوہ قرآن کریم میں مذکور شخصیات و واقعات کی فہرست بھی مع صفحات نمبر دی گئی ہے اور تمام پاروں کی سورتوں کے نام اور ہر سورہ کی ہر آیت کی تعداد کا خاکہ بھی پیش کیا گیا ہے۔ منتخب موضوعات کے تحت متعلقہ آیتوں کو ذکر کرنے کے بجائے ان کا نمبر (مع سورہ نمبر) دیا گیا ہے۔ مختلف عنوانات کے تحت متن میں کراس ریفرنس کے لیے صفحات نمبر بھی دیے گئے ہیں جہاں ان سے متعلق یا ملتے جلتے مزید قرآنی حوالے مل جاتے ہیں۔

قرآن کریم سے استفادہ کو آسان بنانے اور اس کی تعلیمات و ہدایات کو عام کرنے کے لیے مختلف قسم کی کتابوں، اشاریوں اور معاجم کی ترتیب و تالیف کا سلسلہ ماشاء اللہ جاری ہے اور اردو میں ادھر ماضی قریب میں اس نوع کی متعدد تالیفات منظر عام پر آچکی ہیں اور پیش نظر تالیف بھی اسی ضمن میں ایک مفید و قیمتی اضافہ ہے۔ اس طرح کی کوششوں سے قرآن کریم سے استفادہ کی جو راہیں ہموار ہو رہی ہیں اور روز مرہ کی زندگی کے مسائل میں جو سہولتیں فراہم کی جا رہی ہیں وہ یقیناً قابل تحسین و لائق قدر ہیں اور یہ بڑی خوش آئند بات ہے کہ ہند و پاک میں اس نوع کے کاموں میں دلچسپی بڑھ رہی ہے۔